سوالات قطبی تصورات

الصلاۃ والسلام علیک یارسول اللہ ﷺ　　　وعلی آلک واصحابک یارسول اللہ ﷺ

1. رسالہ شمسیہ کتنی چیزوں پر مشتمل ہے؟ اور ان میں کن چیزوں کا بیان ہے؟ دلیل حصر کے ساتھ بیان کریں۔
2. شروع فی العلم کس کس پر موقوف ہے؟ وجہ بھی تحریر کریں۔
3. تصور کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں کہ یہ تعریف مطلق تصور کی ہے یا تصور فقط کی؟ اور کیوں؟
4. حکم کی تعریف کریں اور حکم اور نسبت حکمیہ کا فرق بیان کریں۔ یہ بھی بتائیں کہ حکم کس کے نزدیک کس مقولہ سے ہے؟
5. تصدیق کے حوالے سے متقدمین اور متاخرین کے مذاہب کا فرق اور امام رازی اور حکما کے مذاہب کا فرق تحریر کریں۔
6. تقسیم مشہور پر ہونے والے دونوں اعتراض ذکر کرکے ان کا حل بھی تحریر کریں۔
7. مذکورہ دونوں اعتراضات کیا مصنف کی تعریف پر نہیں ہوتے؟ کیوں؟
8. بشرط شئی، بشرط لاشئی، اور لابشرط شئی کی وضاحت کریں اور مثال بھی پیش کریں۔
9. "لو کان کل منھما بدیہیا لما جھلنا شیئا" تمام تصورات و تصدیقات کے بدیہی نہ ہونے پر کیا یہ دلیل صحیح ہے؟ اگر نہیں تو پھر کیا صحیح ہے؟
10. دور و تسلسل کی تعریف کرتے ہوئے ان کے بطلان کو ثابت کریں۔
11. فکر کی تعریف کریں اور الفاظ تعریف کی وضاحت کریں۔
12. فکر کی تعریف علل اربعہ پر مشتمل کیسے؟ تحریر کریں۔
13. منطق کی تعریف کریں اور فوائد قیود تحریر کریں۔
14. آلہ اور علت متوسطہ کا فرق تحریر کریں۔
15. منطق کی تعریف بالرسم یا بالحد؟ دو دلیل تحریر کریں۔
16. "لیس کلہ بدیہیا والا لاستغنیٰ عن تعلمہ ولا نظریا والا لدار او تسلسل" اس کے تحت مذکور معارضہ مع جواب تحریر کریں۔
17. عوارض ستہ مع مثال تحریر کرکے منطق کے موضوع کے عوارض ذاتیہ تحریر کریں۔
18. قول شارح اور حجت کی وجہ تسمیہ بتائیں اور یہ بھی تحریر کریں کہ تصور کا تصدیق پر تقدم کون سا؟ اور کس طور پر؟
19. حکم کے معانی مشترکہ تحریر کرکے یہ بتائیں کہ اس عبارت میں دونوں حکم سے کون سا معنیٰ درست ہے اور کون سا غلط؟
 "لابد للتصدیق من تصور المحکوم علیہ وتصور المحکوم بہ والحکم لامتناع الحکم ممن جھل احد ھذہ الامور"
20. دلالت وضعیہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کی تینوں اقسام کی تعریف مع امثلہ و وجہ تسمیہ تحریر کریں۔
21. دلالات ثلاث توسط وضع کی قید سے مقید کیوں؟ کسی ایک مثال سے وضاحت کریں۔

22. دلالت التزامی میں لزوم خارجی کی شرط یا لزوم ذہنی کی ؟کیوں ؟

23. دلالات ثلاث میں نسبت بیان کریں۔

24. دلالت تضمنی اور التزامی کی نسبت بیان کرنے میں مصنف سے کیا تسامح ہوا؟

25. مفرد و مرکب کی تعریف کرتے ہوئے یہ بتائیں کہ مفرد تو مرکب پر مقدم ہوتا ہے پر تعریف میں مرکب کیوں مقدم؟

26. مفرد و مرکب کے مقسم میں صرف دلالت مطابقی کا اعتبار کیوں ؟کسی ایک مثال سے وضاحت کریں۔

27. اسم، کلمہ اور اداۃ کی تعریف کرتے ہوئے وجہ تسمیہ تحریر کریں اور یہ بتائیں کہ اداۃ کی دو مثالیں کیوں دیں ؟

28. معنی کی وحدت وکثرت کی اعتبار سے مفرد کی تقسیم مع مثال لکھیں۔

29. ترادف میں اتحاد فی الذات کا اعتبار ہے یا اتحاد فی المفہوم کا؟ مثال کے ساتھ وضاحت کریں۔

30. مرکب کی تقسیم کا نقشہ بنا کر یہ بتائیں کہ انشاء میں بالوضع کی قید کیوں ؟

31. جزئی وکلی کی تعریف مع وجہ تسمیہ تحریر کریں۔

32. کلی کی تقسیم کا نقشہ بنا کر کلیات خمسہ کی تعریف مع مثال تحریر کر کے ہر ایک فوائد قیود تحریر کریں۔

33. تمام جزء مشترک سے کیا مراد ہے ؟اور امام رازی کی مراد ذکر کر کے اس کا رد تحریر کریں۔

34. جنس قریب وبعید اور فصل قریب وبعید کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

35. مناطقہ کے نزدیک کلیات کی ترتیب کیا ہے ؟اس ترتیب کا کیا فائدہ ہے ؟

36. خارج کے اعتبار سے کلی کی تقسیم تحریر کریں۔ مثال بھی دیں۔

37. کلی طبعی، منطقی اور عقلی میں فرق تحریر کریں نسب اربعہ کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

38. نسب اربعہ کی دلیل حصر تحریر کریں اور ہر ایک کی مثال بھی لکھیں۔

توجہ فرمائیں:امتحان کی تیاری کے لیے اولاً مکمل کتاب بالاستیعاب سمجھ لیں اور اس کے بعد مذکورہ بالا سوالات کے جوابات یاد کرنے کے بعد ہی اپنی کاپی پر تحریر کریں۔ بصورت دیگر آپ کی تیاری ناقص۔ جس کے نتیجہ میں آپ کا رزلٹ بھی ناقص ہوگا۔

سرفراز احمد العطاری المصباحی

جامعۃ المدینہ فیضان عطار نیپال گنج نیپال

۵/رجب المرجب ۱۴۴۰ھ۔ ۱۳/مارچ ۲۰۱۹ء